# جعلی نوکری/اشتہار کی پیشکش کی شناخت کے لیے انتباہی نشانیاں

## جعلی نوکری کی پیشکش/اشتہار کیا ہے؟

جعلی اشتہار سوشل میڈیا، اخبار یا واٹس ایپ کے ذریعے شیئر کیا جانے والا ایسا اشتہار ھے جو اصلی نہیں ہوتا بلکہ بیرون ملک ملازمت کے ذریعے خوشگوار زندگی کے خواہش مند افراد کو دھوکہ دینے کے لیے دیا جاتا ہے۔ ایسے اشتہار میں ملازمت کی پیشکش، پرکشش تنخواہ، پرتعیش رہائش، سہولیات،سادہ اہلیت اور فوری پروسیسنگ کے ساتھ بیرون ملک کام کے دلچسپ مواقع شامل ہو سکتے ہیں۔ بہت سے غیر رجسٹرڈ/ ایجنٹ پیسے کی خاطر لوگوں کو اپنی طرف متوجہ کرنے اور دھوکہ دہی کے لیے ان اشتہارات کا استعمال کرتے ہیں۔

## جعلی نوکریوں کے اعلانات/اشتہارات کا مقصد



انسانی اسمگلنگ اور متعلقہ جرائم کی اشاعت کرنا اور فروغ دینا



لوگوں کو غیر قانونی ہجرت کا جانسہ دینا



دھوکہ دہی کی سرگرمیوں میں شامل ہونا



جھوٹے وعدوں کی بنا پر مالی فوائد حاصل کرنا

## انتباہی علامات



میسجنگ سروس یعنی فیس بک میسنجر،واٹس ایپ اور دیگر ذرائع کے ذریعے آن لائن انٹرویولینا اور ملازمتوں کا اعلان کسی مستند ملازمت کی ویب سائٹ یا کمپنی پرنا کیا گیا ہو



غیر واضح ملازمت کی تفصیل اور شرائط کا نہ ہونا اور اس طرح کی ملازمت میں معمول سے زیادہ تنخواہ کی پیشکش ہونا

مائیگرنٹ ریسورس سنٹر
MIGRANT RESOURCE CENTRE

رابطے کے لیے پراویٹ ای-میل ایڈریس کا استعمال کرنا

ای میلز/آن لائن خط و کتابت میں ٹائپنگ اور گرامر کی غلطیوں کا موجود ہونا

ای میلز بھیجنے والے کی تفصیلات ای میل میں نا ہونا

آپ سے ذاتی اور خفیہ معلومات فراہم کرنے کا کہنا مثلاً بینک کی تفصیلات وغیرہ

آپ سے کچھ اخراجات ادا کرنے کو کہا جائے گا مثلاً رجسٹریشن فیس، بھرتی کی فیس

انٹرنیٹ پر کمپنی کے بارے میں کسی قسم کی معلومات کا نا ہونا

ایسے عہدے کے لیے نوکری کی پیشکش موصول ہونا جس کے لیے آپ نے درخواست نہ دی ہو

مہارت اور تجربے کو بغیر جانچ نوکری کی آفر ہونا،آپ کو سوشل میڈیا پوسٹ یا واٹس ایپ گروپ کے ذریعے ملازمت کا آفر ہونا

## نوکری کے اشتہار یا کمپنی کی اصلیت معلوم کرنے کے بارے میں اہم معلومات

بین الاقوامی کمپنی کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لیے آن لائن سرچ انجن https://who.is کے ذریعے ویب ایڈریس/ویب سائٹ کو چیک کیا جا سکتا ہے

قابل بھروسہ ویب سائٹ پر نوکری تلاش کریں مثلاً ایسی ویب سائٹس جو .edu .pk .eu جیسے ناموں پر ختم ہوتی ہو

مائیگرنٹ ریسورس سنٹر
MIGRANT RESOURCE CENTRE

ملازمت کے اشتہار کی قابل اعتماد ذرائع سے یعنی دوبارہ تصدیق کریں جیسے کہ کمپنی ویب سائٹ اور لنکڈ ان

ای میل ایڈریس چیک کریں جہاں سے آپ کے ساتھ نوکری کے متعلق معلومات فراہم کی گئ ہو اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ وہ ای میل آفیشل ہو

کمپنی کی ویب سائٹ پر موجود معلومات اور کمپنی کے پروجیکٹ کا معیار ضرور جانچ اور دیکھے کہ جس نوکری کے لئے آپ سے رابطہ کیا گیا ہے وہ کمپنی کی ویب سائٹ پر موجود ہے یا نہیں

## پاکستانیوں کے لیے بیرون ملک ملازمتیں تلاش کرنے کے مستند ذرائع

بیورو آف امیگریشن اینڈ اورسیز ایمپلائمنٹ

www.beoe.gov.pk/foreign-jobs

اوورسیز ایمپلائمنٹ کارپوریشن

www.jobs.oec.gov.pk

## اوورسیز ایمپلائمنٹ پروموٹرز کی جانب سے ملازمت کے اعلانات/اشتہارات

ایک پراویٹ کمپنی یا ادارہ ہے جو کسی بھی شخص (OEP) اوورسیز ایمپلائمنٹ پروموٹر
کوبیرون ملک ہجرت کرنے کے لیےاس کی مدد کرتے ہیں، یا بھرتی کرتا ہے۔او-ای-پیز
کے ساتھ رجسٹرڈ ہوتے ہے(BEOE) بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ

مائیگرنٹ ریسورس سنٹر
MIGRANT RESOURCE CENTRE

## اوورسیز ایمپلائمنٹ پروموٹرز کی رجسٹریشن چیک کرنے کے لئے اہم معلومات

اوورسیز ایمپلائمنٹ پروموٹر کے لائسنس نمبر، پرمشن نمبر اور نام کی تصدیق BEOE کی ویب سائیٹ https://beoe.gov.pk/list-of-oeps سے کی جا سکتی ہے۔
غیر فعال اوورسیز ایمپلائمنٹ پروموٹر کے بارے میں بھی معلومات BEOE کی ویب سائیٹ پر موجود ہیں https://beoe.gov.pk/bofe

اسی طرح BEOE کی ویب سائٹ سے تمام OEPs کی ملازمت کے اعلانات کی تصدیق کریں۔ تمام OEPs کو اس بات کا پابند کیا گیا ہے کہ وہ نوکری اور خالی آسامیوں کے بارے میں مکمل تفصیلات فراہم کریں۔ یہ اس بات کا تعین کرنے میں پہلا قدم ہے کہ آیا نوکری کی پیشکش قابل اعتبار ہے یا نہیں

ہمیشہ OEP کا لائسنس نمبر اور نوکری کی پیشکش کی تصدیق کریں اور اس بات کا خیال رکھے کہ لائسنس نمبر اور اشتہار اسی OEP نوکری کی درخواست دینے سے پہلے یقینی بنائیں کہ OEP کا لائسنس نمبر درست ہے

اگر OEP کا لائسنس نمبر غیر فعال، منسوخ یا ختم ظاہر ہو رہا ہو تو نوکری یا کسی بھی قسم کے اخراجات کے لیے رقم ادا نہ کریں

ملازمت کی پیشکش یا اشتہار کی تصدیق کے لیے مائیگرنٹ ریسورس سینٹر، پاکستان MRC سے رابطہ کریں

## ہوشیار رہیں

ریکروٹمنٹ ایجنسی یا بھرتی کے ایجنٹ کے پاس اگر بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ (BEOE) یا اوورسیز ایمپلائمنٹ کارپوریشن (OEC) کا لائسنس نہیں ہے تو ان کی طرف سے اعلان کردہ ملازمتوں پر درخواست نہ دیں

اگر لائسنس یافتہ OEP/ ایجنسیوں کے ساتھ نوکریوں کی ڈیمانڈ/آرڈر نہیں ہے توان کے ساتھ ڈیل نہ کریں

کسی ایسے شخص کے ساتھ ڈیل نہ کریں جو ایک لائسنس یافتہ OEP/ ایجنسی کا مجاز نمائندہ نہیں ہے

ان لوگوں/کمپنیوں کے ساتھ ڈیل نہ کریں جو سوشل میڈیا کے ذریعے بیرون ملک نوکریاں دے رہے ہوں

اگر صوبے میں بھرتیاں کی جاتی ہیں تو ان کی تفصیلات صوبائی اتھارٹی سے چیک کریں۔(دفتر اور عملے کی تفصیلات وغیرہ)

مقرر کردہ فیس سے زیادہ پیسے ادا نہ کریں

او ای پی کو فیس تب تک ادا نا کریں جب تک کہ آپ کے پاس ملازمت کا درست معاہدہ اور اُس کی باقائدہ رسید نہ ہو

ایسے اشتہارات کے بہکاوے میں نہ آئیں جو آپ سے پوسٹ (پی او) باکس کے ذریعے ادائیگی کو منسلک کرنے کے لیے ڈیمانڈ کریں

ایسے ٹریول ایجنٹس یا تربیتی مراکز کے ساتھ رابطہ نہ رکھیں جو بیرون ملک نوکری کی پیشکش کرتے ہوں

اگر اپکا مقصد کام یا ملازمت کرنا ہے تو ٹورسٹ ویزا / وزٹ ویزا جیسی آفرز میں نہ پھنسیں

مائیگرنٹ ریسورس سنٹر
MIGRANT RESOURCE CENTRE

کسی بھی مدد کی صورت میں مائیگرنٹ ریسورس سنٹر، پاکستان سے رابطہ کریں

**ہاٹ لائن : 0304-111-2-123**

**واٹس ایپ : (+92) 306 0191919, 300 00116671**

ویب سائٹ : www.mrc.org.pk

ٹویٹر : www.twitter.com/mrc_pak

فیس بک : https://www.facebook.com/PAKMRC/

ای میل : info@mrc.org.pk

### مائیگرنٹ ریسورس سینٹر اسلام آباد

میز انائن فلور، شہید ملت سیکرٹریٹ، بلیو ایریا،
اسلام آباد۔
فون : 9219617 051 92+
اسکائپ : mrcislamabad

### مائیگرنٹ ریسورس سینٹر لاہور

انڈسٹری ریلیشن انسٹی ٹیوٹ، ملحقہ
ریسکیو 1122، چاندنی چوک، ٹاؤن شپ، لاہور
فون : 4299262132 92+
اسکائپ : mrc.lahore

## سرکاری ادارے

### بیورو آف امیگریشن اینڈ اورسیز امپلامینٹ

پتہ :امیگریشن ٹاور، پلاٹ نمبر 10، موو ے ایریا،
جی-1/8، اسلام آباد، پاکستان
فون : 9107272 51 92+
فیکس : 9107270 51 92+
ویب : www.beoe.gov.pk

### اوورسیز ایمپلائمنٹ کارپوریشن

پتہ: پی ایم آئی آڈیٹوریم بلڈنگ خیابان سہروردی،
زیرو پوائنٹ کے قریب، G-7/1، اسلام آباد،
پاکستان۔
فون : 9253251-57 51 92+
فیکس : 9253244 51 92+
ویب : www.oec.gov.pk

یہ معلوماتی مواد مائیگرنٹ ریسورس سینٹر پاکستان نے مرتب کیا ہے۔
یورپی کمیشن اس میں موجود معلومات کے استعمال کی کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ہے۔

Funded by the European Union's Asylum, Migration and Integration Fund

Implemented by
ICMPD
International Centre for Migration Policy Development

Co-Funded and implemented by Austria and Bulgaria
Federal Ministry Republic of Austria Interior